ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((458

مورخہ 24.09.25

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر بہاولپور، عباس نگر،نوشہرہ جدید،ہیڈراجکاں اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 08ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 195لیٹر شراب اور320ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ عباس نگر،صدر احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے 07ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 06 کلو610 گرام چرس اور200 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور، سمہ سٹہ، چنی گوٹھ اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے06ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 06عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((459

24.09.25

**بہاولپور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاًپولیس کے شہداء کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام،بہاولپور پولیس اور کشف لیب اور سپیریئر(Superior) اکیڈمی احمدپور شرقیہ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں خصوصاًپولیس کے شہداء کی فیملیز کو بارعائت اور معیاری تعلیم اور علاج معالجہ کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اور کاشف منیر ڈائریکٹر کشف لیب و حمزہ انوار پرنسپل سپیریئر اکیڈمی احمدپور شرقیہ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق کشف لیب اور سپیریئر(Superior) اکیڈمی احمدپور شرقیہ میں پولیس کے شہدا،حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں اور ان کی فیملیز کو خصوصی رعائت پر معیاری تعلیم اور علاج معالجہ و دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا،حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوان اپنا سروس کارڈ دیکھا کر یا ڈی پی او آفس سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے سہولیات حاصل کرنے کے مجاز ہونگے۔

اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ پولیس کے شہداء،حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم و علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کے لئے بھی عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں اور مختلف اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔ڈائریکٹر کشف لیب و پرنسپل سپیریئر اکیڈمی بہاولپور نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کو دی جانی والی سہولیات کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او بہاولپور نے مزید کہا کہ پولیس کے جوانوں کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اور ڈائریکٹر کشف لیب و پرنسپل سپیریئر اکیڈمی کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے